# 24-02-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

(۱) ضلع ناگر کرنول کی سورنگ میں پھنسے 8 مزدوروں کو بحفاظت نکالنے کے لئے ریاستی حکومت کی جانب سے تمام تر کوشش کی جارہی ہے جبکہ وزیر اعلیٰ صورتحال پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہیں۔

(۲) الیکشن کمیشن آف انڈیا نے آندھرا پردیش اور تلنگانہ میں ایم ایل سی کی جانب سے منتخب کی جانے والے قانون ساز کونسل کے ارکان کے انتخابات کے لئے شیڈول جاری کیا ہے۔

(۳) حیدرآباد میں کل دنیا کا سب سے بڑا لائف سائنس اور ہیلتھ کیر پروگرام، بائیو ایشیاء 2025ء منعقد ہوگا۔

اور

(۴) مرکزی وزیر منسکھ مانڈویا نے کہا ہے کہ افرادی قوت کی پالیسیوں کو عصری بنانے کے لئے حکومت کی کاوشوں میں لیبر اصلاحات اہم بنیاد رکھتی ہیں۔

## ELECTIONS:

الیکشن کمیشن آف انڈیا نے آندھرا پردیش اور تلنگانہ میں قانون ساز کونسل کے انتخابات کے لئے شیڈول جاری کیا ہے۔ یہ انتخابات سبکدوش ہونے والے ارکان کی جگہ ایم ایل ایز کی جانب سے آئندہ ماہ منعقد ہوں گے۔ آندھرا پردیش میں رام کرشنوڈو، گنگا کرشنا مورتی، اشوک بابو، ترول نائیڈو اور راما راؤ کی میعاد 29 مارچ کو ختم ہوگی جبکہ تلنگانہ میں سابق وزرا محمود علی، ستیہ وتی راتھوڑ، سبھاش ریڈی اور ملیشم کے علاوہ مجلس اتحاد المسلمین کے مرزا ریاض الحسن آفندی کی میعاد ختم ہورہی ہے۔ انتخابات کے لئے 3 مارچ کو اعلامیہ جاری کیا جائے گا جبکہ پرچہ جاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل 10 مارچ سے شروع ہوگا جبکہ رائے دہی 20 مارچ کو ہوگی۔

## BIOASIA:

حیدرآباد میں کل دنیا کا سب سے بڑا لائف سائنس اور ہیلتھ کیر پروگرام یعنی بائیو ایشیاء 2025ء منعقد ہوگا۔ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی دوروزہ اس کانفرنس میں بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کریں گے۔ یہ پروگرام حیدرآباد انٹرنیشنل کنونشن سنٹر میں منعقد ہوگا۔ ریاست کے صنعتوں اور آئی ٹی کے وزیر سریدھر بابو اور آسٹریلیائی ریاست کوئنس لینڈ کے گورنر ڈاکٹر جنیت ینگ مہمانانِ اعزازی ہوں گے۔ اس کانفرنس کے ذریعہ ہیلتھ کیر اور لائف سائنس کے عالمی سطح کے لیڈرس ایک جگہ جمع ہوں گے۔ کانفرنس کے دوران اے آئی کے ذریعہ ہونے والے ہیلتھ کیر، کلینکل ریسرچ، بائیوٹیک اختراعیت، سرمایہ کاری کے

مواقع، انڈسٹری۔ اکیڈیمی پارٹنرشپ اور ہیلتھ کیر ڈاٹا سیکورٹی پر بات چیت کی جائے گی۔ سریدھر بابو نے کہا کہ بائیوایشیاء کانفرنس سے دنیا بھر کے لیڈر ایک جگہ جمع ہوں گے۔

INAUGURATION:

امریکہ کی سب سے بڑی بائیوتکنالوجی کمپنی Amgen کی جانب سے حیدرآباد میں آج نئی تکنالوجی اور اختراعی سائٹ شروع کی گئی۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی اور آئی ٹی وصنعتوں کے وزیر سریدھر بابو نے ہائی ٹیک سٹی کے قریب واقع مذکورہ کمپنی کے دفتر کے پاس اس سائٹ کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر امریکی قونصل جنرل جنیفر لارسن، Amgen انڈیا کے نمائندے چٹو پادھیائے، Amgen انڈیا کے مینجنگ ڈائرکٹر نوین گلا پلی بھی موجود تھے۔ مذکورہ کمپنی اِس سال 200 ملین ڈالر یعنی تقریباً 1600 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کرے گی۔

ECI:

الیکشن کمیشن آف انڈیا کی جانب سے تمام ریاستوں اور مرکزی زیر انتظام علاقوں کے چیف الیکٹورل آفیسرس کی دو روزہ کانفرنس 4 اور 5 مارچ کو منعقد کی جائے گی۔ یہ کانفرنس نئی دہلی میں واقع انڈیا انٹرنیشنل انسٹیٹیوٹ آف ڈیموکریسی اینڈ الیکشن مینجمنٹ میں منعقد ہوگی۔ گیانیش کمار کے سی ای سی کے طور پر جائزہ حاصل کرنے کے بعد اس طرح کی یہ پہلی کانفرنس ہوگی۔ دو روزہ اس کانفرنس کے دوران ریاستوں اور مرکزی زیر انتظام علاقوں کے انتخابی عہدیداروں کو ایک جگہ جمع ہونے کا موقع ملے گا اور وہ ایک دوسرے کے تجربات بانٹ سکیں گے۔ کانفرنس کے دوران الیکشن کے عصری طریقوں بشمول اے آئی آرکیٹکچر، ٹھوس کمیونی کیشن، سوشیل میڈیا کی رسائی میں اضافہ اور انتخابی عمل میں مختلف امور کے تعلق سے بات چیت کی جائیگی۔

LABOUR REFORM:

لیبر اور ملازمتوں کے مرکزی وزیر ڈاکٹر مللکش مانڈویا نے کہا ہے کہ لیبر اصلاحات، افرادی قوت کی پالیسیوں کو عصری بنانے کی کوششوں میں ملک کے لئے بنیادی حیثیت رکھتی ہیں۔ مانڈویا نے یہ بات نئی دہلی میں سماجی انصاف کے موضوع پر منعقدہ اولین پروگرام کا افتتاح کرتے ہوئے کہی۔ یہ پروگرام ملازمین کے اسٹیٹ انشورنس کارپوریشن (ای ایس آئی سی) کے 74 ویں یوم تاسیس کے موقع پر منعقد کیا گیا۔ اس پروگرام کے دوران مانڈویا نے ای شرم موبائل اپلی کیشن بھی جاری کیا۔

SLBC:

سڑکوں اور عمارتوں کے ریاستی وزیر کومٹی ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا ہے کہ ضلع ناگر کرنول کے ایس ایل بی سی سورنگ میں پھنسے 8 مزدوروں کو بحفاظت باہر نکالنے کے لئے ریاستی حکومت کی جانب سے تمام تر کوششیں کی جارہی ہیں۔ انہوں نے

سینئر کانگریس لیڈر جانا ریڈی کے ہمراہ بچاؤ آپریشن کی نگرانی کی۔ آج میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے وینکٹ ریڈی نے اس معاملہ پر اپوزیشن کے خیالات کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ یہ مناسب نہیں ہے۔ کومٹی ریڈی نے بی آر ایس لیڈر کے ٹی راما راؤ کی جانب سے ایکس پر کئے گئے ریمارکس کی مذمت کی جیسا کہ کے ٹی آر نے حادثہ کے مقام کا دورہ نہ کرنے پر وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی پر سوال اٹھایا ہے۔

VEMULWADA:

ضلع سرسلہ کے علاقہ ویملواڑہ میں واقع سری راجا راجیشورا سوامی ٹمپل کو مہا شیوراتری جاترا کے لئے سجایا گیا ہے۔ تین روزہ یہ سالانہ پروگرام کل سے شروع ہوگا اور بھکتوں کی آمد کا سلسلہ بھی شروع ہو چکا ہے۔ مندر کے منتظمین اور ضلع انتظامیہ کی جانب سے اس جاترا کے لئے مناسب اقدامات کئے گئے ہیں جبکہ توقع ہے کہ تلنگانہ اور آس پاس کی ریاستوں جیسے آندھرا پردیش، کرناٹک، مہاراشٹرا اور چھتیس گڑھ سے زائد از 4 لاکھ بھکتوں کی آمد متوقع ہے۔

ADD SLBC:

اسی دوران وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی بچاؤ آپریشن پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہیں۔ وہ وزراء اور عہدیداروں کے ساتھ مسلسل ربط میں ہیں اور ان سے پل پل کی صورتحال سے واقفیت حاصل کررہے ہیں۔ سی ایم نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ پھنسے ہوئے مزدوروں کو جس قدر جلد ممکن ہو سکے بچانے کے لئے ہر ممکن اقدامات کئے جائیں۔ ریونت ریڈی نے اس سلسلہ میں ٹھوس کارروائی کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

PREZ - PEACEKEEPER:

گلوبل ساؤتھ کی خاتون پیس کیپرس نے جو اس سے متعلق کانفرنس میں شرکت کررہا ہے، نئی دہلی میں واقع راشٹرپتی بھون میں آج صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے ملاقات کی۔ صدر جمہوریہ نے حاضری کو مخاطب کرتے ہوئے اِس بات پر زور دیا کہ پیس کیپنگ مشن میں خواتین کی موجودگی سے یہ مزید بہتر بن گیا ہے۔ ان کے مطابق خاتون پیس کیپرس کا مقامی طبقات سے اچھا ربط ہوتا ہے اور وہ خواتین اور بچوں کے لئے رول ماڈل بن سکتی ہیں۔

CM:

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے آج بی آر ایس اور بی جے پی پارٹیوں پر الزام لگایا کہ وہ ریاست میں کانگریس حکومت کو کمزور بنانے کے لئے سازش کررہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چونکہ عوام پہلے ہی بی آر ایس پارٹی کو مسترد کر چکے ہیں، سابق وزیر اعلیٰ چندر شیکھر راؤ فارم ہاؤس میں بیٹھ کر سازش کی سیاست پر عمل کررہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ ضلع نظام آباد میں ایم ایل سی امیدوار کی

انتخابی مہم کے دوران خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ گریجویٹس نے تلنگانہ تحریک میں اگلی صف سے قیادت کی جبکہ کئی نوجوان مردوخواتین نے بیروزگاری کے مسئلہ کی بناپر بی آرایس کے 10 سالہ دور میں خودکشی کرلی۔ انہوں نے یہ الزام بھی لگایا کہ پچھلے حکمرانوں نے امتحانات روکنے کے لئے کوچنگ سنٹرس سے معاہدہ کرلیا اور پھر عدالت سے رجوع ہوئے۔ ریونت ریڈی کے مطابق کانگریس حکومت نے اب تک 35 ہزار سرکاری ملازمین کو ترقی دی ہے، جبکہ 22 ہزار کا ٹرانسفر کیا گیا اور ٹیچرس کے 17 ہزار نئے پوسٹس پر تقررات کئے گئے۔انہوں نے مزید کہا کہ ان کی حکومت نے اڈوانسڈ ٹکنالوجی سنٹرس میں 65 آئی آئی ٹیز کو فروغ دیااوراس سلسلہ میں ٹاٹا کمپنی اور ینگ انڈیا اسکل یونیورسٹی کی مدد حاصل کی گئی۔